27-07-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم مودی نے کہا ہے کہ 2047ء تک وکست بھارت کے حصول کے مقصد میں ریاستیں سرگرم رول ادا کرسکتی ہیں، کیونکہ ان کا راست تعلق عوام سے ہے۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ بی آر ایس کے دورِ حکومت میں بکروں کی تقسیم کی اسکیم میں 700 کروڑ روپے کی رشوت خوری کی گئی۔

۳۔ مرکزی وزیر غذا و عوامی تقسیم پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ 25-2024ء میں اسکل ڈیولپمنٹ، ایم ایس ایم ای اور متوسط طبقہ پر توجہ دی گئی ہے۔

اور

۴۔ وزیراعظم مودی کل 11 بجے دن آکاش وانی کے من کی بات پروگرام کے ذریعہ ملک اور بیرون ملک کے عوام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ کے جج جسٹس سوریا کانت نے شہریوں کو پیر سے 3 اگست تک ہونے والی خصوصی لوک عدالت کے خصوصی ہفتہ میں شرکت کیلئے مدعو کیا ہے۔ آکاش وانی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے جسٹس کانت نے کہا کہ مختلف مقدمات جیسے شادی، جائیداد، حادثات کے دعووں، اراضیات کے حصول، معاوضہ، خدمات اور لیبر کے تنازعات کا تصفیہ سپریم کورٹ کی خصوصی لوک عدالت میں کیا جائے گا۔

☆☆☆

وزیراعظم مودی نے کہا ہے کہ وکست بھارت 2047 ہر ہندوستانی کی خواہش ہے۔ انہوں نے نیتی آیوگ کی 9 ویں گورننگ کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاستوں کو چاہئے کہ وہ اس مقصد کے حصول کیلئے سرگرم رول ادا کریں کیونکہ ان کا راست تعلق عوام سے ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام ریاستوں کی مشترکہ کوششوں سے وکست بھارت 2047 کے خواب شرمندہ تعبیر کئے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستیں وکست بھارت بناسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دہا تبدیلی، ٹکنالوجی، جغرافیائی سیاست اور مواقع کا ہے۔ ہندوستان کو چاہئے کہ وہ ان مواقع سے استفادہ کرے اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لئے سازگار پالیسیوں کو تیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہندوستان کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے لئے پیشرفت کی سمت ایک قدم ہے۔ نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل میٹنگ راشٹرپتی بھون کلچرل سنٹر میں جاری ہے۔ وزرائے اعلی، لفٹنٹ گورنرس، مرکزی وزرا نے بہ اعتبار عہدہ ارکان، خصوصی مدعوئین، نائب صدرنشین سمن بیری اور نیتی آیوگ نے اس اجلاس میں شرکت کی۔ جاریہ سال کا موضوع وکست بھارت 2047 دیا گیا تھا جس میں ہندوستان کو ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے توجہ دی جائے گی۔

☆☆☆

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر نے اپنی ماں کیسری دیوی کی یاد میں ایک پودا، جنگلات بنانے کی مہم کے تحت لگایا۔ انہوں نے دہلی کی یمنا ندی کے کنارے پارک میں یہ پودا لگایا۔ گذشتہ ماہ عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر وزیراعظم مودی نے ایک پیڑ ماں کے نام مہم کا آغاز کیا تھا۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ بی آر ایس کے دورِحکومت میں بکروں کی تقسیم کی اسکیم میں 700 کروڑ روپے کی رشوت خوری کی گئی۔انہوں نے اسمبلی میں بجٹ پر مباحث کے دوران بی آر ایس کے قائد وسابق وزیر ہریش راو کے بیان پر ردعمل ظاہر کیا، جنہوں نے کہا تھا کہ یہ بجٹ درست نہیں ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ لاکھوں کروڑ روپے مالیت کی آؤٹر رنگ روڈ کو صرف 7 ہزار کروڑ روپیوں میں فروخت کردیا گیا۔بی آر ایس کے 10 سالہ دور میں محبوب نگر میں ایک بھی پراجکٹ مکمل نہیں کیا گیا۔سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کے دور میں ضلع رنگاریڈی میں کروڑہا روپے مالیت کی اراضیات فروخت کی گئی۔وزیراعلیٰ نے بدکما ساڑیوں کی اسکیم کے تحت گجرات کے سورت سے لاکر ناقص معیار کی ساڑیوں کی تقسیم کا الزام لگایا۔انہوں نے ہریش راؤ سے پوچھا کہ آیا وہ بکروں کی تقسیم اور بدکما ساڑیوں کی اسکیم کی تحقیقات کے لئے تیار ہیں۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر وسابق وزیر ہریش راؤ نے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ کی بجٹ تقریر پر تنقید کرتے ہوئے اسے سیاسی تقریر قرار دیا۔اسمبلی میں بجٹ مباحث کے دوران سابق وزیر نے کہا کہ ریاست کی مجموعی گھریلو پیداوار بی آر ایس دور میں 4.5 لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر 14 لاکھ کروڑ ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ وظیفہ پیرانہ سالی 200 روپے بڑھا کر 2000 روپے کردی گئی۔ ہریش راؤ نے دعویٰ کیا کہ یہ بجٹ نامناسب ہے۔

☆☆☆

وزیراعظم مودی کل 11 بجے دن آکاش وانی کے من کی بات پروگرام کے ذریعہ ملک اور بیرون ملک کے عوام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 112 اپی سوڈ ہوگا۔وزیراعظم کے طور پر مسلسل تیسری مرتبہ ذمہ داری سنبھالنے کے بعد مودی کے پروگرام کا یہ دوسرا اپی سوڈ ہوگا۔یہ پروگرام آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ کے مکمل نٹ ورک پر پیش کیا جائے گا۔آکاش وانی ہندی نشریات کے فوری بعد علاقائی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر غذا وعوامی تقسیم پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ 25-2024ء میں اسکل ڈیولپمنٹ، ایم ایس ایم ای اور متوسط طبقہ پر توجہ دی گئی ہے۔انہوں نے آج دوپہر حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے تمام طبقات کی بہبود کو پیش نظر رکھتے ہوئے بجٹ تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا مرکزی حکومت نے کسانوں کی بہبود کے لئے بیشتر فیصلے کئے ہیں۔مرکزی وزیر نے کہا کہ مرکز نے ریلوے پراجکٹس کے لئے 5 ہزار 500 کروڑ الاٹ کئے ہے۔آتمانربھر پروگرام کے تحت 40 ریلوے اسٹیشنس کو ترقی دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ بیشتر روڈ پراجکٹس بشمول آرآرآر کے 60 ہزار کروڑ کے کام ریاست میں جاری ہیں۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے مرکز کے خلاف اسمبلی میں قرارداد کی منظوری پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے 1.9 لاکھ کروڑ روپے کے بجٹ کی تجویز پر قرارداد کی ریاستی حکومت کی جانب سے منظوری پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ 6 ضمانتوں پر عمل میں کانگریس کی ناکامی پر عوامی توجہ ہٹانے کے لئے یہ سازش کی گئی ہے۔انہوں نے کریم نگر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں جی ایس ٹی ٹیکس کے تحت وصول 74 فیصد آمدنی تلنگانہ کو واپس کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکز نے ڈیولیشن فنڈ 32 فیصد بڑھا کر 42 فیصد کردیا۔

☆☆☆

بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے ریاستی اسمبلی میں وزیر فینانس ملو بھٹی وکرامارکہ کی جانب سے پیش کردہ بجٹ کو جھوٹ کا پلندہ اور غیر حقیقت پسند قرار دیا۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بجٹ میں گزشتہ 10 برسوں کے دوران بی آر ایس حکومت کے کارناموں کا اسے سہرا نہیں دیا گیا۔ انہوں نے ریاستی اسمبلی میں بجٹ پر عام مباحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح بجٹ تقریر کی گئی ہے یہ واضح اشارہ ہے کہ حکومت عوام کو کچھ بھی نہیں دینا چاہتی،اس کا مقصد یہ ہے کہ مکمل عمل میں سابق بی آر ایس حکومت کے کارناموں کو چھپایا جائے۔وزیر موصوف نے کہا کہ ریاست کی تشکیل کے موقع پر مجموعی گھریلو پیداور 4.5لاکھ کروڑ تھی۔ پیشرو حکومت کو بدنام کرنے کی کوشش میں کانگریس حکومت اپنی نااہلی کو چھپانے کا کام کررہی ہے۔

☆☆☆

پیرس اولمپکس میں شوٹنگ کے مقابلوں میں ہندوستان کی دونوں ٹیمیں مڈل سے محروم رہی۔10 میٹر میکسڈ ٹیم ایر رائفل مقابلہ میں سندیپ سنگھ اور ای والا ریوان کو 12واں مقام حاصل ہوا۔ارجن ببوٹا اور رمیتا جندال کو کوالیفائنگ راؤنڈ میں چھٹواں مقام حاصل ہوا۔ ایر پسٹل مقابلہ میں بھی ہندوستان کوالیفائی نہیں کرسکا کیونکہ سربجوت سنگھ کو 9واں اور ارجن چیما کو 22واں مقام حاصل ہوا۔